آبادی میں تقریباً" ۳ فیصد کی تعداد ہے۔

(مارک گیبوریو)

☆☆☆☆

یورپ

بوسنیا، مسلم کروٹ فیڈریشن(۴۶)

بوسنیا ہرزیگوینا میں مسلم کروٹ فیڈریشن کی کارکردگی ڈیٹن امن معاہدے کے کامیاب نفاذ کی مرکزی کلید ہے۔ تاہم مارچ ۱۹۹۴ء کے واشنگٹن منصوبے میں جب پہلی دفعہ اس کے خدوخال تشکیل پائے، تب سے کسی بھی فریق کی طرف سے اسے پوری حمایت فراہم نہیں کی گئی۔ یہ دیکھنا باقی ہے کہ آیا دونوں فریق اپنے اختلافات دفن کرنے اور پائیدار امن اور بہتر مستقبل کے لیے مل جل کر کام کرنے کو تیار ہیں؟ زیر نظر مضمون میں اسی پہلو سے تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔

(برینڈن اوشیا)

☆☆☆☆

بوسنیا معاہدہ ڈیٹن کا دوسرا سال(۴۸)

بوسنیا کے موجودہ حقائق میں ڈیٹن معاہدے سے ایک انتہائی کمزور، نازک اور نسبتاً" غیر مستحکم ملک وجود میں آیا ہے۔ یہ ملک جو نام کی حد تک ضرور موجود ہے اور اسے بین الاقوامی طور پر تسلیم بھی کیا گیا ہے، اس کے پاس تجارت اور مالیات کو چلانے کی گنجائش نہیں ہے۔ اس کے نتیجے میں اسے طویل عرصے تک بیرونی امداد اور تحفظ کی ضرورت رہے گی۔

(سوسان ایل وڈ ورڈ)

☆☆☆☆

(بقیہ صفحہ ۴۴)

میدان اتنا وسیع ہے کہ وہ بار آور تعلق کے سلسلے کو برقرار رکھ سکتا ہے۔

(اینڈریو جے اے مینگو Turkey: The Challge of a New Role نامی کتاب کے مصنف ہیں۔ انہوں نے ۱۴ سال تک ترک زبان میں بی بی سی کے پروگرام کو چلایا اور ان دنوں وہ مصطفےٰ کمال اتاترک کی سوانح حیات پر کام کر رہے ہیں)

(تلخیص، سجاول خان رانجھا)